جمعية الدعوة والارشاد وتوعية الجاليات بمحافظة الوجه

# چھوٹے بچوں کے لئے سوالات وجوابات
# جو بڑوں کے لئے بھی ناگزیر ہیں


ترتیب

فَضِيلةُ الشّيخ سَالِم بن سَعد الطَوِيل

ترجمه

عَبدُ الرَّحمٰن فَيض الله

(داعی: جمعية الدعوة الوجه، تبوك)

مراجعة

محمد اِقبال ياسِين

(مترجم: مسجد حرام مكة المكرمة)



جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بمحافظة الوجه

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد!**

یہ عقیدہ وعبادات، سیرت وآداب اور اسی طرح کے دیگر مختلف شرعی سوالات وجوابات ہیں جسے میں نے تیار کیا ہے تاکہ چھوٹے اسے یاد کریں اور بڑے اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت میں اس سے مدد لیں۔

اور جس بات نے مجھے اس کو لکھنے پر آمادہ کیا وہ یہ ہے کہ بعض والدین اور اساتذہ بچوں سے گفتگو کے لئے مناسب سوالات کے انتخاب میں حیرانی کے شکار ہوتے ہیں، چنانچہ یہ "چھوٹے بچوں کے لئے سوالات وجوابات جو بڑوں کے لئے بھی ناگزیر ہیں" کتابچہ تیار ہوا۔

دعا ہے کہ الہ العالمین اس کتاب کو تمام لوگوں کے لئے نفع بخش بنائے۔

**سالم بن سعد الطويل**

20رجب 1424 موافق 2003/09/16م

**سوال/1:** تمہارا رب کون ہے؟

**جواب:** میرا رب اللہ ہے۔

**سوال/2:** اللہ کہاں ہے؟

**جواب:** اللہ عرش پر ہے۔

**سوال/3:** بندوں پر اللہ کا کیا حق ہے؟

**جواب:** بندوں پر اللہ کا حق یہ ہے کہ بندے صرف اللہ کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔

**سوال/4:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَنْ قَالَ: رَضِيتُ بِاللَّهِ رَبًّا.....

**جواب:** .......وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ کہے: میں اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہوں۔ اس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔(ابو داود: 1529)

**سوال/5:** اللہ تعالیٰ نے ہمیں کیوں پیدا کیا؟ اور اس کی کیا دلیل ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے ہمیں صرف اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔ دلیل: وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ. ترجمہ: میں نے جنات اور انسانوں کو محض اس لئے پیدا کیا ہے کہ وہ صرف میری عبادت کریں۔(الذاریات: 56)

**سوال/6:** ہم پر سب سے بڑا فرض کیا ہے؟

**جواب:** ہم پر سب سے بڑا فرض توحید ہے، یعنی جن امور کا مستحق اللہ ہے انہیں صرف اللہ کے لئے انجام دینا۔

**سوال/7:** توحید کی تینوں قسمیں بیان کرو۔

**جواب:** توحید کی تینوں قسمیں یہ ہیں:

1:-توحید ربوبیت۔

2:-توحید الوہیت۔

3:-توحید اسماء وصفات۔

**سوال/8:** کلمہ توحید کیا ہے اور اس کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** کلمہ توحید یہ ہے: "لا إله إلاّ اللّه" اور اس کا مطلب ہے: اللہ کے علاوہ کوئی حقیقی معبود نہیں۔

**سوال/9:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَا مِن أحَدٍ يَشْهَدُ أنْ لا إلَهَ إلَّا اللَّهُ وأنَّ مُحَمَّدًا رَسولُ اللَّهِ......

**جواب:** ........صِدْقًا مِن قَلْبِهِ، إلَّا حَرَّمَهُ اللَّهُ علَى النَّارِ. ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

فرمایا: کہ جو شخص سچے دل سے اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے سچے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ اس کو (دوزخ کی) آگ پر حرام کردیتا ہے۔ (متفق علیه)

**سوال/10:** سب سے بڑا گناہ کیا ہے؟

**جواب:** سب سے بڑا گناہ اللہ کے ساتھ شرک کرنا ہے۔

**سوال/11:** شرک کیا ہے؟

**جواب:** اللہ کے علاوہ، یا اللہ کے ساتھ کسی کی عبادت کرنا شرک ہے۔

**سوال/12:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللَّهِ.......

**جواب:** ........فَقَدْ كَفَرَ أَوْ أَشْرَكَ. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے غیر اللہ کی قسم کھائی اس نے کفر یا شرک کیا۔ (ترمذي: 1535)

**سوال/13:** کیا اللہ کے علاوہ کوئی اور غیب جانتا ہے؟ اور اس کی کیا دلیل ہے؟

**جواب:** اللہ کے علاوہ کوئی غیب نہیں جانتا ہے۔ دلیل: قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ. ترجمہ: کہہ دیجئے کہ آسمان والوں میں سے اور زمین والوں میں سے سوائے اللہ کے کوئی غیب نہیں جانتا۔ (النمل: 65)

**سوال/14:** بندوں کے نیک اعمال اللہ تعالیٰ کے یہاں کب قبول ہوتے ہیں؟

**جواب:** جب نیک اعمال خالص اللہ کے لئے اور سنت کے مطابق انجام دیئے جائیں۔

**سوال/15:** کون سی سورت ایک چوتھائی قرآن کے برابر ہے؟ اسے پڑھ کے سنائیں۔

**جواب:** "سورة الكافرون "ایک چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ (صحيح الجامع: 4405) بِسۡمِ
ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ ﴿قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ﴿1﴾ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ﴿2﴾ وَلَا
أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ﴿3﴾ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ ﴿4﴾ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا
أَعْبُدُ ﴿5﴾ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ﴿6﴾

**سوال/16:** آپ کے نبی کون ہیں؟

**جواب:** ہمارے نبی محمد ﷺ ہیں۔

**سوال/17:** "مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ" کا کیا مطلب ہے؟ اور ان کے تعلق سے ہم پر کیا واجب ہے؟

**جواب:** "مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ" کا مطلب ہے: اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو سارے انسانوں کے لئے خوشخبری دینے اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا۔

اور ان کے تعلق سے ہم پر یہ واجب ہے کہ:

1:- ہم ان کے حکم کی تعمیل کریں۔

2:- جو خبر دیں اس کی تصدیق کریں۔

3:- جس بات سے روکیں اس سے رک جائیں۔

4:- انہیں کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق اللہ کی عبادت کریں۔

**سوال/18:** ہمارے نبی ﷺ، آپ کے والد اور دادا کا کیا نام ہے؟

**جواب:** ہمارے نبی کا نام محمد، آپ کے والد کا نام عبد اللہ اور دادا کا نام عبد المطلب ہے۔

**سوال/19:** تمام لوگوں سے زیادہ کس سے محبت کرنا ضروری ہے اور اس کی کیا دلیل ہے؟

**جواب:** تمام لوگوں سے زیادہ رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنا ضروری ہے۔ اور دلیل رسول اللہ ﷺ کا فرمان: لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ، حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ. ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص صاحب ایمان نہ ہوگا جب تک اس کے والد اور اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ اس کے نزدیک میں محبوب نہ ہو جاؤں۔(بخاري: 15)

**سوال/20:** نبی کریم ﷺ کب اور کس شہر میں پیدا ہوئے؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ ایک عام الفیل کو مکہ میں پیدا ہوئے۔

**سوال/21:** ہمارے نبی ﷺ جب رسول بنائے گئے اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

**جواب:** اس وقت آپ کی عمر چالیس سال۔

**سوال/22:** نبوت کے بعد ہجرت سے پہلے نبی کریم ﷺ کل کتنے سال مکہ میں رہے؟

**جواب:** تیرہ سال مکہ میں رہے۔

**سوال/23:** نبی کریم ﷺ مکہ سے ہجرت کر کے کہاں گئے ؟

**جواب:** مدینہ منورہ۔

**سوال/24:** ہجرت کے بعد نبی کریم ﷺ کتنے سال مدینہ میں رہے ؟

**جواب:** دس سال مدینہ میں رہے۔

**سوال/25:** امہات المومنین (مومنوں کی مائیں) کون ہیں ؟

**جواب:** نبی کریم ﷺ کی بیویاں۔

**سوال/26:** رسول اللہ ﷺ کی وفات کب اور کہاں ہوئی ؟اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی ؟

**جواب:** رسول اللہ ﷺ کی وفات ہجرت کے دس سال بعد مدینہ میں ہوئی اس وقت آپ کی عمر تریسٹھ سال تھی۔

**سوال/27:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَن صَلَّى عَلَيَّ واحِدَةً........

**جواب:** .........صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ عَشْراً. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل کرتا ہے۔ (مسلم: 408)

**سوال/28:** آپ کا دین کیا ہے ؟

**جواب:** ہمارا دین اسلام ہے۔

**سوال/29:** "**اسلام**" کا کیا معنی ہے؟

**جواب:** "**اسلام**" کا کیا معنی ہے: توحید کے ذریعے اپنے آپ کو اللہ کے سپرد کرنا، اور اطاعت کے ذریعے سر تسلیم خم کرنا، نیز شرک اور اہل شرک سے برأت کا اظہار کرنا۔

**سوال/30:** اسلام کے کتنے ارکان ہیں اور کیا دلیل ہے؟

**جواب:** اسلام کے پانچ ارکان ہیں۔ دلیل رسول اللہ ﷺ کا فرمان: بُنِيَ الإِسْلاَمُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالحَجِّ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ. ترجمہ: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر قائم کی گئی ہے۔ گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک حضرت محمد ﷺ اللہ کے سچے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ ادا کرنا، حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔(متفق عليه)

**سوال/31:** دین کا ستون کیا ہے؟

**جواب:** دین کا ستون نماز ہے۔

**سوال/32:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: الْعَهْدُ الَّذِي بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ الصَّلَاةُ......

**جواب:** ......فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہمارے اور ان (منافقین) کے درمیان نماز کا معاہدہ ہے۔ جس نے اسے چھوڑ دیا اس نے کفر کیا۔(ابن ماجه: 1079)

**سوال/33:** "صلاۃ" (نماز) کی تعریف کیجئے۔

**جواب:** مخصوص افعال و اقوال کے ذریعے اللہ کی عبادت کرنا، جس کی ابتداء تکبیر سے ہوتی ہے جبکہ اختتام سلام پھیرنے پر ہوتا ہے۔

**سوال/34:** روزانہ ایک مسلمان پر کتنی نمازیں فرض ہیں؟ اور ہر نماز میں کتنی رکعت ہے؟

**جواب:** روزانہ ایک مسلمان پر پانچ نمازیں فرض ہیں، فجر دو رکعت، ظہر چار رکعت، عصر چار رکعت، مغرب تین رکعت، عشاء چار رکعت۔

**سوال/35:** نماز کی کیا شرطیں ہیں؟

**جواب:** نماز کی شرطیں یہ ہیں:

1:- اسلام۔

2:- عقل۔

3:- شعور۔

4:- وقت کا شروع ہونا۔

5:- نجاست سے پاکی۔

6:- طہارت (وضو)۔

7:- ستر ڈھانپنا۔

8:- قبلہ رخ ہونا۔

9:- نیت کرنا۔

**سوال/36:** وضو کے کیا ارکان ہیں؟

**جواب:** وضو کے ارکان یہ ہیں:

1:- کلی اور ناک صاف کرکے چہرہ دھونا۔

2:- دونوں ہاتھ کہنیوں تک دھونا۔

3:- سر اور کان کا مسح کرنا۔

4:- ٹخنوں تک پیر دھونا۔

5:- مذکورہ بالا سارے کام اسی ترتیب سے کرنا۔

6:- اعضاء وضو کو یکے بعد دیگرے دھونا۔

**سوال/37:** نواقض وضو کیا ہیں؟

**جواب:** نواقض وضو یہ ہیں:

1:- سبیلین سے خارج ہونے والی اشیاء، جیسے پیشاب، پاخانہ، ہوا وغیرہ۔

2:- سبیلین کے علاوہ کہیں اور سے پیشاب اور پاخانہ خارج ہونا۔

3:- سونا یا بے ہوش ہونا۔

4:- عضو تناسل کو چھونا۔

5:- اونٹ کا گوشت کھانا۔

6:- غسل واجب کرنے والی چیزوں کا پایا جانا۔

**سوال/38:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: "مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الوُضُوءَ ثُمَّ قال: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ........

**جواب:** ........ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا فُتِحَتْ لَهُ أَبوَابُ الجَنَّةِ الثَّمَانِيَةُ، يَدخُلُ مِن أَيِّهَا شَاءَ. ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو شخص وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے اور وضو کے بعد یہ کلمات کہے: ﴿أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ﴾ میں گواہی دیتا ہوں

کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود حقیقی نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی ساجھی نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ تو اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دئے جاتے ہیں جس میں سے چاہے اس میں داخل ہو جائے۔(مسلم: 234)

**سوال/39:** نماز کی ہر رکعت میں کون سی سورت پڑھنا واجب ہے؟

**جواب:** سورۃ الفاتحہ۔

**سوال/40:** رکوع میں کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

**جواب:** " سُبْحانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ".

**سوال/41:** سجدہ میں کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

**جواب:** " سُبْحَانَ رَبِّيَ الأَعْلَى".

**سوال/42:** دونوں سجدوں کے درمیان کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

**جواب:** "رَبِّ اغْفِرْ لِي، رَبِّ اغْفِرْ لِي".

**سوال/43:** تحیات کیا ہے؟

**جواب:** تحیات یہ ہے: التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ، وَالصَّلَوَاتُ، وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلاَمُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلاَمُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ. أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ.

**سوال/44:** درود ابراہیمی کیا ہے؟

**جواب:** درود ابراہیمی یہ ہے: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ.

**سوال/45:** وہ کون سی چار چیزیں ہیں جن سے نمازی سلام پھیرنے سے پہلے پناہ مانگتا ہے؟

**جواب:** ١- جہنم کے عذاب سے، ٢- قبر کے عذاب سے، ٣- زندگی اور موت کے فتنے سے، ٤- دجال کے فتنے سے۔ ﴿اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِن عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ﴾

**سوال/46:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يُصَلِّي لِلَّهِ كُلَّ يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا غَيْرَ فَرِيضَةٍ.......

**جواب:** .......إِلَّا بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ. ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایسا مسلمان بندہ نہیں جو ہر روز اللہ کے لیے فرائض کے علاوہ بارہ رکعت سنتیں ادا کرتا ہے مگر اللہ اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنا دیتا ہے۔ (مسلم: 728)

**سوال/47:** سننِ رواتب کل کتنی رکعتیں ہیں اور یہ کب ادا کی جاتی ہیں؟

**جواب:** سنن رواتب کل بارہ رکعتیں ہیں:

1:- فجر: پہلے دو رکعت۔

2:- ظہر: پہلے چار رکعت، بعد میں دو رکعت۔

3:- مغرب: بعد میں دو رکعت۔

4:- عشاء: بعد میں دو رکعت۔

**سوال/48:** زکوٰۃ کی تعریف کیجئے۔

**جواب:** مخصوص مال میں واجبی حق کو کہتے ہیں جسے خاص وقت میں خاص لوگوں کے لئے نکالا جاتا ہے۔

**سوال/49:** روزہ کی تعریف کیجئے۔

**جواب:** صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی نیت سے کھانے پینے اور شہوت سے رک جانے کا نام روزہ ہے۔

**سوال/50:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ......

**جواب:** ......إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے ایمان کی حالت میں ثواب کی نیت سے رکھے اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے گئے۔(متفق علیہ)

**سوال/51**: حج کی تعریف کیجئے۔

**جواب**: عبادت کی نیت سے مخصوص ایام میں مخصوص طریقے سے بیت اللہ کا قصد کرنا۔

**سوال/52**: حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَنْ حَجَّ لِلَّهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ.......

**جواب**: .......رَجَعَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ. ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اللہ کے لئے اس شان کے ساتھ حج کیا کہ نہ کوئی فحش بات کی اور نہ کوئی گناہ تو وہ گناہوں سے ایسا پاک وصاف ہو کر لوٹے گا جیسے اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔ (بخاري: 1521)

**سوال/53**: ایمان کے کتنے ارکان ہیں، کون کون؟

**جواب**: ایمان کے چھ ارکان ہیں:

1:- اللہ پر ایمان۔

2:- اللہ کے فرشتوں پر ایمان۔

3:- اللہ کی کتابوں پر ایمان۔

4:- اللہ کے رسولوں پر ایمان۔

5:- آخرت کے دن پر ایمان۔

6:-اللہ کی جانب سے تقدیر کے اچھے یا برے ہونے پر ایمان۔

**سوال/54:** تین فرشتوں کے نام بتائیے۔

**جواب:** ۱-جبریل علیہ السلام، ۲-میکائیل علیہ السلام، ۳-اسرافیل علیہ السلام۔

**سوال/55:** اللہ کی کتابیں کون کون سی ہیں اور کن پر نازل ہوئیں؟

**جواب:** اللہ کی کتابیں مندرجہ ذیل ہیں

1:-توریت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

2:-انجیل عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

3:-زبور داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

4:-ابراہیم علیہ السلام اور موسی علیہ السلام کے صحیفے جو ان پر نازل ہوئے۔

5:-قرآن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا۔

**سوال/56:** اولوالعزم انبیاء کرام علیہم السلام کے نام بتائیں۔

**جواب:** اولوالعزم انبیاء کرام علیہم السلام یہ ہیں:

1:-نوح علیہ السلام۔

2:-ابراہیم علیہ السلام۔

3:-موسیٰ علیہ السلام۔

4:-عیسیٰ علیہ السلام۔

5:-محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

**سوال/57**: سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں سنائیں جنہیں سوتے وقت پڑھنا مستحب ہے۔

**جواب**: آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ﴿285﴾ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿286﴾

**سوال/58**: قیامت کب آئے گی اور اس کی کیا دلیل ہے؟

**جواب**: قیامت کے آنے کا علم صرف اللہ کو ہے اس کے علاوہ کوئی نہیں جانتا ہے۔ دلیل: إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ. ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے۔(لقمان: 34)

**سوال/59**: دار الکرامہ (عزت کا گھر) کیا ہے؟ اور اس میں کتنے دروازے ہیں؟

**جواب:** دار الکرامہ (عزت کا گھر) جنت ہے، اوراس میں آٹھ دروازے ہیں۔

**سوال/60:** جنت کی سب سے بڑی نعمت کیا ہے؟

**جواب:** جنت کی سب سے بڑی نعمت اللہ تبارک وتعالیٰ کا دیدار ہے۔

**سوال/61:** جنت میں سب سے زیادہ لوگ کس نیکی کی بناپر داخل ہوں گے؟

**جواب:** اللہ کا تقویٰ اور حسن اخلاق کی بناپر۔

**سوال/62:** عذاب اور ذلت کا گھر کیا ہے اوراس میں کتنے دروازے ہیں؟

**جواب:** عذاب اور ذلت کا گھر جہنم ہے، اوراس میں سات دروازے ہیں۔

**سوال/63:** عبادت میں احسان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** اللہ کی نگرانی کا ایسا تصور کہ گویا اللہ کو دیکھ رہے ہو، یا کم از کم یہ تصور ہو کہ اللہ یقینا دیکھ رہا ہے۔

**سوال/64:** ہمارے حسن سلوک کے سب سے زیادہ حقدار کون لوگ ہیں؟

**جواب:** ہمارے والدین یعنی ماں اور باپ۔

**سوال/65:** والدین کے لئے دعا کرنا ہو تو کیا پڑھنا چاہئے؟

**جواب:** " ۱-رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ" اور " ۲-رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا".

**سوال/66:** کون سا عمل اللہ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟

**جواب:** وقت پر نماز پڑھنا، پھر والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا، پھر اللہ کے راستے میں جہاد کرنا۔

**سوال/67:** اللہ کی نظر میں سب سے معزز و مکرم لوگ کون ہیں؟

**جواب:** لوگوں میں سب سے زیادہ متقی، اور رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ متقی تھے۔

**سوال/68:** سب سے عظیم کتاب کون سی ہے اور اس میں کتنے پارے ہیں؟

**جواب:** سب سے عظیم کتاب قرآن ہے اور اس میں تیس پارے ہیں۔

**سوال/69:** مصحف سے تلاوت کرنی ہو تو اس سے پہلے کیا کرنا چاہئے؟

**جواب:** وضو کرنا چاہئے اور شیطان مردود سے اللہ کی پناہ طلب کرنی چاہئے۔

**سوال/70:** معوذتین کیا ہیں، پڑھ کے سنائیں۔

**جواب:** قرآن کی آخری دو سورت سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو معوذتین کہتے ہیں:

**سورۃ الفلق:** بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿1﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿2﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ﴿3﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ ﴿4﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿5﴾

**سورۃ الناس:** بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿1﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿2﴾ إِلَٰهِ النَّاسِ ﴿3﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿4﴾ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ﴿5﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿6﴾

**سوال/71:** قرآن کی سب سے عظیم آیت کون سی ہے، پڑھ کے سنائیں۔

**جواب:** آیت الکرسی: ﴿اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ﴾

**سوال/72:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَن قرأَ آيةَ الكُرسيِّ في دبُرِ كلِّ صلاةٍ مَكْتوبةٍ......

**جواب:** ......لم يمنعهُ مِن دُخُولِ الجَنَّةِ إِلَّا أَن يَمُوتَ. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھتا ہے تو اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے علاوہ کوئی چیز نہیں روکتی۔ (الترغیب والترھیب: 1595)

**سوال/73:** قرآن کی سب سے افضل سورت کون سی ہے؟ اسے پڑھ کے سنائیں۔

**جواب:** سورۃ الفاتحہ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿1﴾ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿2﴾ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ﴿3﴾ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ ﴿4﴾ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ﴿5﴾ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿6﴾ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ﴿7﴾

**سوال/74:** قرآن کی سب سے لمبی سورت کون سی ہے؟

**جواب:** سورۃ البقرۃ۔

**سوال/75:** قرآن کی سب سے چھوٹی سورت کون سی ہے؟ اسے پڑھ کے سنائیں۔

**جواب:** سورۃ الکوثر: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ﴿1﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴿2﴾ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ﴿3﴾

**سوال/76:** کون سی سورت ایک تہائی قرآن کے برابر ہے؟ اسے پڑھ کے سنائیں۔

**جواب:** سورۃ الاخلاص: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ﴿1﴾ اللَّهُ الصَّمَدُ ﴿2﴾ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ﴿3﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ﴿4﴾

**سوال/77:** یہ سورت مکمل کیجئے: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ﴿وَالْعَصْرِ ﴿1﴾ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِي خُسْرٍ ﴿2﴾ ........

**جواب:** ....... إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿3﴾

**سوال/78:** بہترین اخلاق، اور بد ترین اخلاق کیا ہے؟

**جواب:** بہترین اخلاق سچ بولنا ہے، اور بد ترین اخلاق جھوٹ بولنا۔

**سوال/79:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: لاَ يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ، حَتَّى يُحِبَّ...

**جواب:** .....لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ. ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص صاحب ایمان نہ ہو گا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے وہی نہ پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔(متفق عليه)

**سوال/80:** آپ کا سب سے بڑا دشمن کون ہے؟

**جواب:** شیطان۔

**سوال/81:** کس وقت شیطان سے اللہ کی پناہ طلب کی جاتی ہے؟

**جواب:** درج ذیل اوقات میں شیطان سے اللہ کی پناہ طلب کی جاتی ہے:

1:- قرآن پڑھنے سے پہلے۔

2:- بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے۔

3:- غصے کے وقت۔

4:- وسوسے کے وقت۔

5:- گدھے کے رینکنے کی آواز سن کر۔

**سوال/82:** دل کا سب سے خطرناک مرض کیا ہے؟

**جواب:** منافقت۔

**سوال/83:** منافقوں کے لئے سب سے مشکل نماز کون سی ہے؟

**جواب:** فجر اور عشاء کی نماز۔

**سوال/84:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ........

**جواب:** ......وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: منافق کی علامتیں تین ہیں۔ جب بات کرے جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے اس کے خلاف کرے اور جب اس کو امین بنایا جائے تو خیانت کرے۔ (متفق عليه)

**سوال/85:** انسان کے لئے سب سے خطرناک چیز کیا ہے؟

**جواب:** انسان کی زبان۔

**سول/86:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مِنْ حُسْنِ إِسْلَامِ الْمَرْءِ......

**جواب:** ......تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ. ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ ان باتوں کو چھوڑ دے جن کا اس سے تعلق نہیں۔(ترمذي: 2317)

**سوال/87:** اللہ کے نزدیک سب سے محبوب کلام کیا ہے؟

**جواب:** ۱- سُبْحانَ اللهِ، ۲- والْحَمْدُ لِلَّهِ، ۳- ولا إلَهَ إلَّا اللَّهُ، ۴- واللَّهُ أكْبَرُ.

**سوال/88:** جنت کا خزانہ کیا ہے؟

**جواب:** لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ.

**سوال/89:** حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: كَلِمَتَانِ حَبِيبَتَانِ إِلَى الرَّحْمَنِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ.......

**جواب:** .........ثَقِيلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ.

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو اللہ تبارک وتعالیٰ کو پسند ہیں، زبان پر ہلکے ہیں اور قیامت کے دن اعمال کے ترازو میں بوجھل اور باوزن ہوں گے، وہ کلمات مبارکہ یہ ہیں «۱- سُبْحَانَ اللَّهِ وَبِحَمْدِهِ ۲- سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ».

**سوال/90:** سید الاستغفار کیا ہے؟

**جواب:** سید الاستغفار: اللَّهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنوبَ إِلاَّ أَنْتَ.

**سوال/91:** سونے سے پہلے کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

**جواب:** اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا.

**سوال/92:** سو کر اٹھنے کے بعد کون سی دعا پڑھی جاتی ہے؟

**جواب:** الْحَمْدُ للهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا، وَإِلَيْهِ النُّشُورُ.

**سوال/93:** سلام کرنے کا اسلامی طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** السَّلامُ عَلَيْكُم ورَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ.

**سوال/94:** ایک مسلمان کو کس ہاتھ سے کھانا پینا چاہیے؟

**جواب:** داہنے ہاتھ سے۔

**سوال/95:** "بِسْمِ اللَّه" کب پڑھنا چاہیے؟

**جواب:** "بِسْمِ اللَّه" درج ذیل حالات میں پڑھنا چاہیے:

1:- کھانے پینے سے پہلے۔

2:-بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے۔

3:-مسجد میں داخل ہونے سے پہلے۔

4:-مسجد سے نکلنے سے پہلے۔

5:-کپڑا اتارنے سے پہلے۔

**سوال/96:** "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" کب پڑھنا چاہیئے؟

**جواب:** "اَلْحَمْدُ لِلّٰہ" درج ذیل حالات میں پڑھنا چاہیئے:

1:-کھانے پینے کے بعد۔

2:-چھینک آنے کے بعد۔

3:-کوئی نعمت ملنے کے بعد۔

4:-ہر حال میں۔

**سوال/97:** چھینکنے والا "اَلحَمْدُ لِلّٰہ" کہے تو اس کے جواب میں کیا کہنا چاہیئے؟ اور پھر چھینکنے والا کیا کہے؟

**جواب:** چھینکنے والا "اَلحَمْدُ لِلّٰہ" کہے تو اس کے جواب میں "یَرْحَمُكَ اللّٰہُ" کہنا چاہیئے، اور پھر چھینکنے والا "یَہْدِیکُمُ اللّٰہُ ویُصْلِحُ بالَكُمْ" کہے؟

**سوال/98**: حدیث مکمل کریں: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: مَنْ يُرِدْ اللَّهُ بِهِ خَيْرًا......

**جواب**: ......يُفَقِّهْهُ فِي الدِّينِ. ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ کرتا ہے اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔(متفق عليه)

**سوال/99**: اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ اور ناپسندیدہ جگہیں کیا ہیں؟

**جواب**: اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ جگہ مسجد اور ناپسندیدہ جگہ بازار ہے۔

**سوال/100**: ہفتہ کا سب سے افضل دن کون سا ہے؟

**جواب**: ہفتہ کا سب سے افضل دن جمعہ کا دن ہے۔

**سوال/101**: سال کا سب سے افضل دن کون سا ہے؟

**جواب**: سال کا سب سے افضل دن عرفہ کا دن ہے۔

**سوال/102**: سال کی سب سے افضل رات کون سی ہے؟

**جواب**: سال کی سب سے افضل رات شبِ قدر (لَيلَةُ القَدر) ہے۔

**سول/103**: سال کا سب سے افضل مہینہ کون سا ہے؟

**جواب**: سال کا سب سے افضل مہینہ رمضان کا مہینہ ہے۔

**سوال/**104: اسلام میں کون کون سی عیدیں ہیں؟

**جواب:** اسلام میں دو عیدیں ہیں : ۱- عیدالفطر، ۲- عیدالاضحی۔

**سوال/**105: خلفاء راشدین کون ہیں؟

**جواب:** خلفاء راشدین یہ ہیں

1:- ابو بکر رضی اللہ عنہ۔

2:- عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ۔

3:- عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ۔

4:- علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔

اسی کے ساتھ سوال وجواب کا سلسلہ ختم ہوا

**والحمدلله أولاً و آخراً وصلى الله على نبينا محمد و آله وصحبه أجمعين.**